**11.04.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

---------------------------------

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے آج وارانسی میں مہدی گنج کے مقام پر تین ہزار 8 سو 84 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے 44 پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھا۔ انہوں نے کہا کہ کاشی محض ایک قدیم زمانے کی علامت نہیں ہے بلکہ ترقی کا ماڈل بھی ہے۔

2- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ امریکی پالیسی میں تبدیلی نے ہر شعبے میں تکنیک کے اعتبار سے مثبت اثر ڈالا ہے۔

3- جموں کشمیر کے کشتواڑ ضلع میں آج سکیورٹی فورسز کی ایک مشترکہ ٹیم نے کارروائی کے دوران ایک دہشت گرد کو ہلاک کردیا۔

4- بارش سے متعلق واقعات میں بہار میں 58 افراد اور اترپردیش میں 22 لوگ ہلاک ہوئے ہیں۔

5- اور آئی پی ایل کرکٹ میں

آج شام ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں میزبان چنئی سپرکنگز کا مقابلہ کولکاتہ نائٹ رائڈرس سے ہوگا۔

-------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Varanasi Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اترپردیش کے وارانسی میں مہدی گنج کے مقام پر 3 ہزار 8 سو 84 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے 44 پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھا۔ اِن پروجیکٹوں میں سڑک کا بنیادی ڈھانچہ، بجلی ، تعلیم اور سیاحت کا شعبہ شامل ہے تاکہ اِس خطے کی مجموعی ترقی کو آگے بڑھایا جاسکے۔ بعد میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے شہر کی تیز تر ترقی کو اجاگر کیا اور کہا کہ کاشی محض قدیم زمانے کی ایک علامت نہیں ہے بلکہ وہ ترقی کے ماڈل کے طور پر ابھرا ہے۔ انہوں نے تبدیلی، بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے، مذہبی سیاحت کو بڑھاوا دینے اور شہری سہولتوں میں بہتری لانے پر تعریف کی جس سے یہ قدیم شہر ایک جدید شہری مرکز کے طور پر ابھرا ہے۔

**SB- PM Modi On Devlopment**

وزیر اعظم نے 70 سال سے زیادہ کی عمر کے تین بزرگوں کو آیوشمان کارڈ بھی حوالے کئے جو تین جیوگرافیکل انڈیکیشن کے سرٹیفکیٹس ہیں۔ انہوں نے Banas ڈیری امول کے ساتھ ریاست سے جڑے ڈیری کسانوں کو 106 کروڑ روپے کا بونس بھی منتقل کیا۔ بعد میں دن میں جناب مودی مدھیہ پردیش کے لئے روانہ ہوں گے اور Isagarh میں گروجی مہاراج مندر

میں درشن دیں گے اور وہاں پوجا ارچنا کریں گے۔ وہ آنندپور دھام میں ایک عوامی پروگرام میں بھی شرکت کریں گے اور اس موقعے پر ایک اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔

**PM Delhi Ayushmaan**

وزیر اعظم نریندر مودی نے پردھان منتری آیوشمان بھارت صحت کے بنیادی ڈھانچے کے مشن کو نافذ کرنے کیلئے دلی سرکار کی تعریف کی ہے۔ دلی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا کی جانب سے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ دلی کے صحت کے شعبے سے متعلق ایک انقلابی قدم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آیوشمان یوجنا مشن میں دلی اور مرکز دونوں شامل ہیں۔ اِس سے قومی راجدھانی میں لاکھوں شہریوں کو غیر معمولی فائدہ ہوگا۔

**Jaishankar Tech**

وزیرخارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ امریکہ نے دنیا کے ملکوں کے ساتھ تعلقات کے تئیں اپنے نقطۂ نظر میں بنیادی تبدیلی کی ہے اور اِس کے نتائج ہر شعبے میں محسوس کیے جارہے ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر آج صبح نئی دلّی میں گلوبل ٹیکس سمٹ سے خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے نشاندہی کی کہ تکنیکی نتائج گہرے ہوں گے، کیونکہ امریکہ سب سے بڑی معیشت ہے اور امریکہ کو دوبارہ عظیم بنانے میں ٹیکنالوجی کا بڑا رول ہے۔ انھوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی نے تجارت کو قومی سلامتی کے لیے بہت زیادہ حساس بنا دیا ہے۔

**S-B Jaishankar**

**President Slovakia**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے سلوواکیہ کا اپنا دورہ کامیابی کے ساتھ مکمل کیا۔ صدرجمہوریہ کا یہ سرکاری دورہ کئی حوالوں سے تاریخی اہمیت کا حامل رہا، کیونکہ تقریباً 30 سال کے وقفے کے بعد کسی بھارتی صدر کا سلوواکیہ کا دورہ ہوا ہے۔

**V-C- POOJA Wardhan**

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے سلوواکیہ کے صدر پیٹر پیلیگرینی اور وزیر اعظم رابرٹ فیکو سے ملاقات کی اور وفود کی سطح پر بات چیت کی۔

دورے کے دوران دو مفاہمت ناموں پر دستخط کیے گئے۔ اس کے علاوہ ایک بزنس فورم کا بھی انعقاد کیا گیا۔ صدر جمہوریہ نے Nitra میں واقع ٹاٹا-جیگوار لینڈ روور مینوفیکچرنگ پلانٹ کا بھی دورہ کیا۔

صدرجمہوریہ مرمو کو Nitra میں واقع کونسٹنٹائن دی فلاسفر یونیورسٹی کی جانب سے اعزازی ڈاکٹریٹ کی ڈگری سے نوازا گیا۔ انہوں نے سلوواکیہ میں مقیم بھارتی برادری کے افراد سے بھی ملاقات کی۔

صدر جمہوریہ نے سلوواکیہ-بھارت بزنس فورم سے بھی خطاب کیا۔

سلوواکیہ کے صدر نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی مستقل رکنیت کے لیے بھارت کی حمایت کا اعادہ کیا، جس پر صدر مرمو نے گہرے تشکر کا اظہار کیا۔

یہ سرکاری دورہ دونوں ممالک کے درمیان کاروباری مواقع کو مزید فروغ دیتا ہے، خاص طور پر آٹو موبائل، اسٹیل، ریلویز، بایو فیول کے شعبوں کے ساتھ ساتھ فلاح و بہبود، سیاحت اور تخلیقی فنون جیسے نئے میدانوں میں بھی اہمیت کا حامل رہا۔

Bratislava سے پوجا پی وردھن کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے۔۔۔۔

**J&K Terrorist Killed**

جموں کشمیر ک کشتواڑ ضلع میں آج ایک دہشت گرد حفاظتی دستوں کی ایک مشترکہ ٹیم کی جانب سے دہشت گردی کے خلاف کارروائی کے دوران مارا گیا۔ جموں میں آکاشوانی کے نامہ نگار نے بتایا کہ خصوصی اطلاع ملنے پر مشترکہ کارروائی کے دوران ضلع کے Chatroo جنگلاتی علاقے میں بدھ کے روز کارروائی شروع کی گئی تھی اور اسی روز شام کو دہشت گرد کے ساتھ مڈبھیڑ ہوئی۔ اب تک ایک دہشت گرد کو ہلاک کیا جاچکا ہے۔ جھڑپ ابھی جاری ہے۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔ پولیس اور سکیورٹی فورسز کارروائی کے بعد سے تین جھڑپوں کے بعد پچھلے 17 دن سے ایک سے دوسرے علاقے میں دہشت گردوں کا پتہ لگانے کے لئے کارروائی کررہی ہے۔

**Bihar UP Rain**

بہار اور اترپردیش میں بارش سے متعلق واقعات میں 80 افراد کی جانیں تلف ہوئی ہیں۔ بہار میں پچھلے 24 گھنٹے کے دوران 58 لوگوں کی موت ہوئی ہے۔ نالندہ ضلع میں مرنے والوں کی سب سے زیادہ تعداد بتائی جاتی ہے جہاں 22 لوگوں کی درختوں کے جڑوں سے اکھڑنے اور دیواروں کے گرنے کی وجہ سے جانیں تلف ہوئی ہیں جبکہ ریاست کے دیگر حصوں میں اِس طرح کے واقعات میں 35 افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ شدید بارش اور تیز ہواؤں کی وجہ سے ربیع کی کھڑی فصلوں، مسور، مکئی، پیاز اور آم اور لیچی جیسی فصلوں کی وجہ سے ریاست کے بہت سے حصوں میں نقصان ہوا ہے۔ بارش کی وجہ سے ٹرین کی نقل و حمل پر بھی اثر پڑا ہے۔

اترپردیش میں کل بارش سے متعلق واقعات میں پانچ خواتین سمیت کم از کم 22 لوگ ہلاک ہوئے ہیں۔ راحت سے متعلق کمشنر کے دفتر کے مطابق بجلی گرنے سے 13 افراد کی موت ہوئی۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے مرنے والوں کے کنبوں کے لئے چار-چار لاکھ روپے کی امداد دینے کا اعلان کیا ہے۔x

**PM PHULE**

وزیراعظم نریندرمودی نے سماجی مصلح مہاتماپھولے کی جینتی پر انہیں خراج عقیدت پیش کیاہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے انہیں انسانیت کا سچا اور خادم بتاتے ہوئے کہا ہے کہ مہاتما پھولے نے اپنی پوری زندگی معاشرے کے مظلوم اور محروم طبقوں کے لیے وقف کر دی تھی۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ ملک کیلئے ان کی گرانقدر خدمات ہر نئی نسل کی حوصلہ افزائی کرتا رہے گا۔

**Padma Awards**

2026 کے پدم ایوارڈس کیلئے نامزدگیاں جس کا اعلان یوم جمہوریہ 2026 پر کیاجائے گا، اِس سال 31 جولائی تک داخل کی

جاسکیں گی۔ نامزدگی کا عمل **15** مارچ کو شروع ہوا تھا۔ داخلی امور کی مرکزی وزارت نے کہا ہے کہ پدم ایوارڈس کے لئے نامزدگیاں اور سفارشات راشٹریہ پُرسکار پورٹل پر ہی آن لائن وصول کی جائیں گی۔ یہ پدم ایوارڈس، پدم وبھوشن، پردم بھوشن اور پدم شری ملک کے اعلیٰ سویلین ایوارڈس ہیں۔

**IPL CRCKET**

**IPL** ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں آج شام چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں چنئی سپرکنگز کا مقابلہ کولکاتہ نائٹ رائڈرس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ اس دوران چنئی سپرکنگز نے اعلان کیا ہے کہ سابق کپتان مہیندر سنگھ دھونی کو سیزن کے باقی میچوں کے لئے **Ruturaj Gaikwad** کی جگہ ٹیم میں شامل کیا جائے گا۔